National Literacy Trust

Change your story

0-9 ماہ کی عمر
کے بچوں کے حامل
خاندانوں
کے لیے بہترین۔



# ان کی کہانی کا آغاز آپ سے ہوتا ہے

اپنے بچے سے بات کرنے اور اس پر توجہ دینے کی بدولت آغاز سے ہی ان کی مواصلاتی مہارتوں کی تشکیل میں مدد ملتی ہے۔

روزمرہ کے مل کر گزارے گئے معمولی لمحات سے بہتر فائدہ حاصل کرنے کے لیے کارڈز پر موجود ان تجاویز کا استعمال کریں۔

ان کے تعاون سے

Better Health Start for Life



# کپڑے پہنانا

جب آپ اپنے بچے کو کپڑے پہناتے ہیں، تو اس امر کی وضاحت کرنے سے انہیں الفاظ کو پہچاننے کا آغاز کرنے میں مدد ملتی ہے کہ کیا ہو رہا ہے۔

# کپڑے پہنتے وقت بات کرنے کے لیے تجاویز

آپ جو کر رہے ہیں، اس کے متعلق بات کریں۔

*"چلیں آپ کو کپڑے پہناتے ہیں، پہلے نیپی۔"*

ان کپڑوں سے متعلق بات کریں جو آپ پہنا رہے ہیں۔

*"آج آپ ایک ملائم جمپر پہن رہے ہیں۔"*

ایک جیسے الفاظ کو روزانہ دہرائیں۔

*"آپ کے کوٹ میں ایک بازو، آپ کے کوٹ میں دو بازو۔"*





# کھانے کے اوقات

جب آپ اپنے بچے کو کھانا کھلا رہے ہوں، تو بات کرنا یا گانا اس امر کو سمجھنے کا آغاز کرنے میں ان کی مدد کرے گا کہ الفاظ کا مطلب کیا ہے۔

# کھانے کے اوقات میں بات کرنے کے لیے تجاویز

**وضاحت کریں کہ کیا ہو رہا ہے۔**

*"اب آپ دودھ پی رہے ہیں۔"*

**کوئی اچھی نرسری نظم یا گانا گائیں۔**

کوئی ایسا گانا گائیں یا بنائیں، جو آپ کو یا آپ کے بچے کو پسند ہو!

**اس امر سے متعلق بات کریں کہ آگے کیا ہو گا۔**

*"جب آپ دودھ پی لیں گے، تو ہم سیر کے لیے جائیں گے۔"*






# گھر پر

آپ گھر میں جو کچھ کر رہے ہیں، اس کے متعلق اپنے بچے سے بات کرنے سے، وہ ان الفاظ سے واقف ہوں گے جو آپ استعمال کرتے ہیں۔

# گھر پر بات کرنے کے لیے تجاویز

وضاحت کریں کہ آپ کیا کر رہے ہیں۔

*"ڈیڈی میز کو صاف کر رہے ہیں۔"*

جو کچھ وہ کر رہے ہیں اس کے متعلق بات کریں اور جو آوازیں وہ نکالتے ہیں ان کا جواب دیں۔

*"میں آپ کو مسکراتے ہوئے دیکھ رہا/رہی ہوں، ڈا-ڈا-ڈا۔"*

مشہور شور اور آوازوں سے متعلق بات کریں۔

*"کیا آپ واشنگ مشین کی آواز سن سکتے ہو؟ سوش سوش!"*





# روزمرہ کے کام سرانجام دینا

جب آپ روزمرہ کے کام سرانجام دے رہے ہوں، تو جن چیزوں کو آپ دیکھ رہے ہیں، ان سے متعلق بات کرنے سے آپ کے بچے کو نئے الفاظ سیکھنے میں مدد ملے گی۔

# روزمرہ کے کام سرانجام دیتے وقت بات کرنے کے لیے تجاویز

جو کچھ آپ دیکھتے ہیں، اس کے متعلق بات کریں۔


*"کالی بلی کو دیکھیں! وہ وہاں نیچے چھپی ہوئی ہے۔"*

ان چیزوں سے متعلق بات کریں جنہیں وہ دیکھتے ہیں۔

*"آپ پھولوں کو دیکھ رہے ہیں۔ ذرا غور سے دیکھیں۔"*

گفتگو سے متعلق ہدایت کرنے کے لیے اپنے حواس کا استعمال کریں۔

*"کیا آپ کار کی آواز سن سکتے ہیں؟ بروم، بروم۔"*





# نہانے کا وقت

جب آپ اپنے بچے کو نہلاتے ہیں، تو جو آوازیں وہ نکالتے ہیں ان کی نقل کرنے سے بات چیت کرنے کے سلسلے میں ان کی حوصلہ افزائی ہوتی ہے۔

# نہاتے وقت بات کرنے کے لیے تجاویز

**پانی سے بننے والی آوازوں کی وضاحت کریں۔**

*"کیا آپ چھینٹے اڑا رہے ہیں؟ چھینٹے اڑائیں چھینٹے اڑائیں!*

**آپ جو کر رہے ہیں، اس کے متعلق بات کریں۔**

*"میں اب آپ کا پیٹ دھونے لگا/لگی ہوں۔"*

**جو آوازیں آپ کا بچہ نکالتا ہے، ان کا جواب دیں اور انہیں دہرائیں۔**

*بچہ: "ای ...با، با، با۔"*

*بالغ فرد: "با، با، با، کیا آپ مجھ سے بات کر رہے ہیں؟"*





# سونے کا وقت

جب آپ بات کرتے ہیں، کہانیاں شیئر کرتے ہیں، اور مل کر گاتے ہیں، تو آپ اپنے بچے کو نئے الفاظ سے متعارف کرواتے ہیں۔

# سوتے وقت بات کرنے کے لیے تجاویز

مشاہدہ کریں کہ وہ کتاب کے کون سے حصے کو دیکھتے یا چھوتے ہیں۔

*"جی ہاں، یہ ایک کار ہے۔"*

کوئی نرسری نظم یا لوری گانے کی کوشش کریں۔

***"Twinkle, twinkle little star..."***

دن کے دوران جو کچھ ہوا اس کے متعلق بات کریں۔

*"آج ہم نے سیر کرتے ہوئے ایک گھونگا دیکھا۔"*



## ذیل میں کچھ تجاویز ہیں جو بات چیت کرنے میں آپ کے بچے کی مدد کر سکتی ہیں:

- اپنے بچے کے بڑبڑانے، شور، چہرے کے تاثرات اور اس کی جانب سے کی جانے والی حرکات کا جواب دے کر اس کے ساتھ 'گفتگو' کریں۔ جب آپ بولنا مکمل کریں تو رکنا اور جواب دینے کے لیے انہیں وقت دینا یاد رکھیں۔
- مشاہدہ کرنے کی کوشش کریں کہ وہ کس چیز کی جانب اشارہ کرتے اور دیکھتے ہیں، اور ان چیزوں سے متعلق بات کریں۔
- بات کرنے، گانے اور پورا دن کھیلنے کے باقاعدہ مواقع تلاش کریں۔
- جب آپ مل کر معمولی لمحات سے بہتر فائدہ اٹھاتے ہیں، تو آپ آغاز سے ہی ان کی بات چیت کرنے کی مہارتوں کو تشکیل دینے میں مدد کر رہے ہوتے ہیں۔

یہ پروڈکٹ کھلونا نہیں ہے۔

@Literacy_Trust @Literacy_Trust /nationalliteracytrust

مزید سرگرمیوں کے لیے، براہ کرم wordsforlife.org.uk پر جائیں

قومی خواندگی کا ٹرسٹ رجسٹرڈ چیریٹی نمبر 1116260 (انگلینڈ اور ویلز) اور SC042944 (اسکاٹ لینڈ) ہے۔